بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

RISHTA NATA
Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland

# نکاح فارم پُر کرنے سے متعلق اہم ہدایات اور راہنمائی

- کونسلنگ: حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایت کے مطابق حکومتی شادی (Standesamt) یا اسلامی نکاح پاکستان میں کرنے سے قبل کونسلنگ کروانا ضروری ہے۔ کونسلنگ میں لڑکا اور لڑکی کے علاوہ فریقین کے والدین بھی شامل ہوں گے۔ اگر دونوں میں سے ایک فریق کسی دوسرے ملک میں ہے تو اسے آن لائن لیا جاسکتا ہے۔
- کونسلنگ کی تاریخ مقرر کرنے کے لیے اپنے علاقے کے مربی سلسلہ سے خود رابطہ کریں۔ اگر مکرم مربی سلسلہ کسی وجہ سے موجود نہیں یا فاصلہ بہت زیادہ ہے تو مکرم مشنری انچارج صاحب سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔
- ایسی کونسلنگ جس میں ایک سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہو نکاح فارم کی تصدیق کے لیے قابل قبول نہیں۔
- یہ نکاح فارم ایک قانونی دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے۔ نکاح فارم کو نہ تبدیل کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تحریر کو کاٹا جاسکتا ہے اور نہ ہی Over writting ہو۔
- ملکی قانون کے تحت نکاح کے لیے لڑکے یا لڑکی کی عمر 18 سال ہونی چاہیے۔
- نکاح فارم بلاک لیٹر میں پاسپورٹ / شناختی کارڈ یا Meldebescheinigung کے مطابق پر کریں۔ ہاتھ سے پر کیا ہوا نکاح فارم قابل قبول نہیں۔
- ہر صفحہ علیحدہ علیحدہ پرنٹ ہو۔ ایک ہی صفحے پر آگے پیچھے پرنٹ نہ کریں۔
- نکاح فارم کے لیے عام سادہ کاغذ (80 سے 120 گرام) استعمال کریں۔ موٹا کاغذ بالکل استعمال نہ کیا جائے۔
- نکاح فارم پر لڑکی اور لڑکے دونوں کے حصے مکمل ٹائپ شدہ ہوں۔
- پاکستان میں اعلان نکاح کے لیے 4 عدد نکاح نامہ کے سیٹ انگلش اور اردو والے درکار ہوں گے۔

**نکاح فارم سے متعلق ضروری کاغذات:**

## (1) Meldebescheinigung mit Familienstand

- نکاح اول: اگر لڑکا یا لڑکی کا نکاح اول ہے اور Meldebescheinigung میں غیر شادی شدہ (Ledig) درج ہے تو ٹھیک۔ اگر آپ کے فیملی سٹیٹس میں "unbekannt„ / "nicht bekannt„ لکھا ہو تو آپ کو مزید NOTAR کے دفتر کے ذریعہ ایک فارم (Unterschriftsbeglaubigung) تصدیق کروانا ہو گا۔ یہ فارم شعبہ سے بذریعہ ای میل حاصل کیا جاسکتا ہے۔
- نکاح ثانی: لڑکا یا لڑکی کا نکاح ثانی ہے تو Meldebescheinigung mit Familienstand میں "geschieden„ درج ہو۔ اگر آپ کے فیملی سٹیٹس میں "unbekannt„ / "nicht bekannt„ لکھا ہو تو آپ کو مزید NOTAR کے دفتر کے ذریعہ ایک فارم (Unterschriftsbeglaubigung) تصدیق کروانا ہو گا۔ یہ فارم شعبہ سے بذریعہ ای میل حاصل کیا جاسکتا ہے۔

- جماعتی علیحدگی اور عدالتی علیحدگی کے کاغذات جس میں عدالت کا فیصلہ ہے rechtskräftig ہونا چاہیے۔

- لڑکا یا لڑکی کا نکاح ثانی ہے مگر Meldebescheinigung میں "ledig" درج ہے تو شعبہ انہیں مشورہ دیتا ہے کہ عدالتی علیحدگی بھی کروائیں۔
- جماعتی علیحدگی کے بعد لڑکی کا اسلامی نکاح: اگر Meldebescheinigung میں شادی شدہ درج ہے تو اس کا اسلامی نکاح ممکن نہیں۔ اسلامی نکاح کے لیے لڑکی کی عدالت سے علیحدگی ضروری ہے۔

**(2) صدر جماعت کا تصدیق فارم برائے درخواست نکاح نکاح فارم کے ساتھ منسلک کریں۔**


**(3) جرمنی میں اعلان نکاح کے لیے Eheurkunde مہیا کیا جانا ضروری ہے۔**

# نکاح فارم پُر کرنا

## نکاح فارم کا صفحہ نمبر 1

نکاح فارم کی بنیاد کو سمجھنے سے متعلق کچھ ضروری معلومات۔ جرمنی کے نکاح فارم میں کل نو حصّے ہیں۔


## i- ولی (سرپرست) سے متعلق حصّہ




- تمام ذاتی تفصیلات (نام، تاریخ پیدائش، پتہ وغیرہ) شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے مطابق دینا ضروری ہے۔
- AIMS ID سے مراد آپ کا جرمنی جماعت کا ID (آئی ڈی) نمبر ہے۔ اگر کوئی شخص جرمنی سے باہر سے ہے تو اُس صورت میں اس خانے کو خالی چھوڑ دیا جائے۔
- اگر حق مہر ادا ہو چکا ہے تو لڑکی کا صفحہ نمبر 2 اور لڑکے کے صفحہ نمبر 3 میں اس کی تفصیل درج کرنا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ علیحدہ سے تفصیل بمعہ گواہان کے تحریر کی جاسکتی ہے جس پر ادائیگی اور وصولی کی لڑکی / ولی اور لڑکے کی تصدیق ضروری ہے۔ حق مہر سے متعلق اگر آپ کا کوئی مزید سوال ہو تو براہ کرم اپنے مقامی مربی صاحب سے رابطہ کریں۔
- اپنی ازدواجی حیثیت کو منتخب کریں اور مزید تفصیل اور ہدایات کے لیے صفحہ نمبر 1 پر دیکھیں۔
- برائے مہربانی درج کریں کہ قانونی ولی (سرپرست) [فارم میں "*guardian*"] کون ہے۔ لڑکی کا ولی (سرپرست) اس کا باپ ہے، چاہے والدین کی طلاق ہو چکی ہو۔ اگر والد کی وفات ہو چکی ہو تو اس صورت میں ولی (سرپرست) سگا بھائی، چچا یا دادا ہوگا۔ اگر ولی (سرپرست) مقرر کرنے میں مشکلات پیش آرہی ہوں تو شعبہ رشتہ ناطہ سے رابطہ کریں۔

- ولی (سرپرست) کے لیے ضروری ہے کہ تاریخ سمیت تحریری دستخط کرے۔
- اگر لڑکی جرمنی میں ہے اور اس کا ولی (سرپرست) بیرون ملک ہے تو اُس صورت میں ولی (سرپرست) کی طرف سے حق مہر کے ساتھ نکاح کے لیے حلفیہ بیان دو گواہوں کے سامنے جماعت کی تصدیق کے ساتھ موقع پر تیار کیا جاسکتا ہے۔ اس فارم کو آپ رشتہ ناطہ جرمنی کی ویب سائٹ پر "Download" کے عنوان میں تقرری وکیل از طرف ولی اور بیان ولی حاضر سے حاصل کر سکتے ہیں۔

## ii- ولی (سرپرست) سے متعلق حصّہ، اُس صورت میں جب وہ نکاح کے موقع پر خود شامل نہ ہو سکتا ہو۔



II. TO BE COMPLETED IF THE GUARDIAN CANNOT PERSONALLY ATTEND THE NIKAH CEREMONY
یہ حصہ ولی کے نکاح کے موقع پر حاضر نہ ہو سکنے کی صورت میں پُر کریں


Since I cannot attend the NIKAH ceremony in person, I hereby appoint the following to execute the instrument of NIKAH on my behalf as my representative
چونکہ میں بوقتِ نکاح خود حاضر نہیں ہو سکوں گا اِس لئے میں اپنی طرف سے درج ذیل کو اس نکاح کیلئے وکیل مقرر کرتا ہوں

Name مسمی: | S/o ولد: | AIMS ID:
Address پتہ:
Signature: Guardian دستخط ولی | Date تاریخ
Signature: Bride دستخط لڑکی | Date تاریخ

1-4

- اگر ولی (سرپرست) ذاتی طور پر نکاح میں شامل نہیں ہو سکتا تو اسے چاہیے کہ ایک وکیل (نائب) مقرر کرے اور اس حصّے میں تاریخ سمیت دستخط کرے۔ صفحہ نمبر 1 جہاں وکیل بنایا ہے اس پر لڑکی اور ولی دونوں کے دستخط ہونا ضروری ہیں۔ اس بات کا خیال رکھا جائے۔
- جس کو وکیل مقرر کیا ہے اس کا نام، ولدیت اور ایڈریس لکھیں۔ اس کے بعد ولی کے اور لڑکی کے دستخط بمعہ تاریخ ایک ہوں۔

## نکاح فارم کا صفحہ نمبر 2



WITNESS I گواہ ۱ Name نام: | S/o ولد: | AIMS ID:
Address پتہ
Signature دستخط | Date تاریخ
WITNESS II گواہ ۲ Name نام: | S/o ولد: | AIMS ID:
Address پتہ
Signature دستخط | Date تاریخ
I hereby agree to act as representative of Mr. مسمی | S/o ولد:
on the occasion of the NIKAH of Miss مسماۃ | D/o بنت
مجھے مسمی ابن کی طرف سے اس نکاح میں وکیل بننا منظور ہے
Signature: Representative دستخط وکیل | Date تاریخ

- اس بات کا خیال رکھا جائے کہ صفحہ نمبر 2 میں گواہان بھی اسی ملک کے ہوں جس ملک کا ولی رہائشی ہے۔
- صفحہ نمبر 1 پر لڑکی کے دستخط، ولی کے دستخط اور صفحہ نمبر 2 پر گواہوں کے دستخط اور سب کی تاریخیں ایک ہونی چاہیے۔
- صفحہ نمبر 2 میں جہاں وکیل کی عبارت ہے اس میں ولی کا نام اور اس کی ولدیت اور لڑکی کا نام اور اس کی ولدیت لکھی جائے۔ وکیل جس ملک کا ہے وہ بعد میں دستخط بمعہ تاریخ کرے گا۔

## iii- لڑکی سے متعلق حصّہ

- اس حصے کو لڑکی پر کرے گی۔
- لڑکے کا نام، ولدیت اور حق مہر کی رقم درج کرے گی۔ تمام ذاتی تفصیلات (نام، تاریخ پیدائش، پتہ وغیرہ) شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے مطابق دینا ضروری ہے۔

**III. TO BE COMPLETED BY THE BRIDE** اس حصہ کو لڑکی پُر کرے

A: In accordance with the terms agreed upon by my Guardian mentioned above, I hereby agree to my NIKAH with
الف۔ مجھے اپنا نکاح اپنے ولی کی اجازت سے

Mr. مسمی: S/o ولد:

With the dower money of ........ مبلغ یورو/روپے مہر پر منظور ہے

B: Of the total proposed dower money Rs. / € ........ have been received in the form of cash/Jewellery, details of which are as follow
ب۔ کل مہر میں سے یورو/ روپے نقد بصورت زیور حسب تفصیل مذکورہ بالا وصول ہو چکے ہیں۔

Signature: Bride دستخط لڑکی | Date تاریخ

WITNESSES: We hereby testify that the above form has been filled in our presence by the legitimate guardian of the proposed bride and that she has expressed her agreement to this NIKAH in our presence and has also signed the form in our presence.
گواہان ہم تصدیق کرتے ہیں کہ یہ فارم مسماۃ مذکورہ کے جائز ولی نے ہمارے سامنے پُر کیا ہے اور مسماۃ مذکورہ نے ہمارے سامنے اس نکاح پر رضا مندی کا اظہار کر کے فارم پر دستخط کئے ہیں۔

WITNESS I گواہ ۱ Name نام: | S/o ولد: | AIMS ID:

Address پتہ

Signature دستخط | Date تاریخ

WITNESS II گواہ ۲ Name نام: | S/o ولد: | AIMS ID:

Address پتہ:

Signature دستخط | Date تاریخ

- حق مہر کی ادائیگی / وصولی سے متعلق تفصیل بمعہ گواہان علیحدہ تحریر کی جاسکتی ہے۔ حق مہر سے متعلق اگر آپ کا کوئی مزید سوال ہو تو براہ کرم اپنے مقامی مربی صاحب سے رابطہ کریں۔
- اگر حق مہر مکمل یا جزوی طور پر موصول ہوا ہو تو اس کی تفصیل لکھی جائے۔
- دو مرد گواہوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ لڑکی کی رضامندی نکاح کے دستخطوں کی تصدیق کریں۔ لڑکی کے دستخط اور تاریخ اور گواہوں کے دستخط اور تاریخ ایک ہونے چاہیے۔
- جس ملک کی لڑکی رہائشی ہے اس کے دو گواہان بھی اسی ملک کے ہونے چاہئیں۔

## iv- امیر جماعت / صدر جماعت کی تصدیق سے متعلق حصّہ

**IV. VEREFICATION BY AMEER / PRESIDENT OF THE JAMAAT** تصدیق امیر / صدر

الف A. Miss مسماۃ: | D/o بنت:

☐ is born Ahmadi پیدائشی احمدی | ☐ is Ahmadi since سال سے احمدی ہے۔ ........ years.

ب B. Mr. مسمی | S/o ولد:

Is the bona fide guardian according to Islamic law. مسماۃ مذکورہ کے جائز ولی ہیں۔

C: The witnesses have testified in my presence that the proposed bride has signed this form of her own free will.
ج۔ گواہان نے میرے رو برو بیان دیا ہے کہ لڑکی نے اپنی رضا مندی سے فارم ہذا پر دستخط کئے ہیں۔

D: In case there has been TALAQ or KHULA documents of separation are attached with the NIKAH form. ☐
د۔ طلاق اور خلع کی صورت میں مصدقہ طلاق نامہ / خلع نامہ لف ہذا ہے

Signature: National Ameer /President دستخط امیر/صدر | Date &Official Stamp تاریخ


2-4

- نکاح فارم پر شعبہ رشتہ ناطہ کی تصدیق کی جاتی ہے۔ نکاح فارم پر صدر جماعت کی تصدیق قابل قبول نہ ہوگی۔ صدر جماعت کی تصدیق کے لیے ایک فارم برائے تصدیق صدر جماعت اسی پر اپنی تصدیق کریں گے جو کہ نکاح فارم کے ساتھ شعبہ کو مہیا کیا جانا ضروری ہے۔
- اگر لڑکی جماعت جرمنی سے باہر مقیم ہے تو اس کی تصدیق اس ملک کے نیشنل امیر یا مقامی صدر کے ذریعے کرنا ہوگی۔

## نکاح فارم کا صفحہ نمبر 3


## v- لڑکے سے متعلق حصّہ

- اس حصے کو لڑکا پر کرے گا۔
- لڑکے کا نام، ولدیت، ایڈریس اور حق مہر کی رقم درج کرے گا۔ تمام ذاتی تفصیلات (نام، تاریخ پیدائش، پتہ وغیرہ) شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے مطابق دینا ضروری ہے۔
- لڑکی کا نام اور ولدیت درج کریں اور مقرر کردہ حق مہر کی رقم درج کریں۔




- حق مہر کی ادائیگی / وصولی سے متعلق تفصیل بمعہ گواہان علیحدہ تحریر کی جاسکتی ہے۔ حق مہر سے متعلق اگر آپ کا کوئی مزید سوال ہو تو براہ کرم اپنے مقامی مربی صاحب سے رابطہ کریں۔
- نشان لگائیں کہ یہ آپ کا پہلا نکاح ہے یا نکاح ثانی۔
- طلاق / خلع کی صورت میں قانونی طلاق نامہ اور قضاء کا طلاق نامہ جمع کروائیں۔ اگر رنڈوا ہو تو اُس صورت میں بیوی کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ (Sterbeurkunde) اور Meldebescheinigung mit Familienstand جس میں Verwitwet درج ہو۔ نکاح فارم کے ساتھ منسلک کریں۔
- دو مرد گواہوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ لڑکے کی گواہی کی تصدیق کریں۔ رہائشی ملک اور تاریخ لڑکے کے لئے ایک جیسی ہونی چاہیے۔

## vi- امیر جماعت / صدر جماعت کی تصدیق سے متعلق حصّہ




- نکاح فارم پر شعبہ رشتہ ناطہ کی تصدیق کی جاتی ہے۔ نکاح فارم پر صدر جماعت کی تصدیق قابل قبول نہ ہوگی۔ صدر جماعت کی تصدیق کے لیے ایک فارم برائے تصدیق صدر جماعت اسی پر اپنی تصدیق کریں گے جو کہ نکاح فارم کے ساتھ شعبہ کو مہیا کیا جانا ضروری ہے۔ اگر لڑکا جماعت جرمنی سے باہر مقیم ہے تو اس کی تصدیق اس ملک کے امیر یا صدر جماعت کے ذریعے کرنا ہوگی

## vii- لڑکے سے متعلق حصّہ، اُس صورت میں جب وہ نکاح کے موقع پر خود شامل نہ ہو سکتا ہو۔

- اگر لڑکا ذاتی طور پر اپنے نکاح میں شامل نہیں ہو سکتا تو اسے چاہیے کہ ایک وکیل (نائب) مقرر کرے۔
- اس حصّے میں وکیل (نائب) کا نام بمہ ولدیت اور ایڈریس درج کیا جانا چاہئے اور لڑکے کو چاہیے کہ اس حصّے میں تاریخ سمیت دستخط کرے۔
- دو گواہان کے لیے ضروری ہے کہ جس ملک کا لڑکا مقیم ہے گواہان بھی اسی ملک کے ہوں۔ اور اسی تاریخ میں دستخط کریں جو لڑکے نے ڈالی ہے۔

**نکاح فارم کا صفحہ نمبر 4**

- صفحہ نمبر 4 پر جہاں وکیل کی عبارت ہے اس حصے میں لڑکے کا نام بمہ ولدیت اور لڑکی کا نام بمہ ولدیت لکھا جائے گا اور پھر بعد میں وکیل اپنے دستخط اور تاریخ تحریر کرے گا۔

## viii- مرکز/شعبہ رشتہ ناطہ سے مطلق حصّہ



VIII. VERIFICATION BY CENTRAL / NATIONAL MARRIAGE DEPARTMENT
If the bride is in Rabwah. لڑکی کے ربوہ میں موجود ہونے کی صورت میں۔


A. The witnesses have testified in my presence that the proposed bride has signed this form of her own free will.
ہر دو گواہان نے میرے رو برو بیان دیا ہے کہ لڑکی نے ہمارے سامنے اپنی رضا مندی سے فارم پر دستخط کئے ہیں۔

B. I have thoroughly examined the above form. It is complete and fully in accordance with the regulations.
میں نے فارم ہذا کے متعلق پوری تسلی کر لی ہے اور یہ قواعد کے مطابق درست اور مکمل ہے۔

| | |
|---|---|
| Signature: Incharge Marriage Department<br>دستخط انچارج شعبہ رشتہ ناطہ | Date &Official Stamp تاریخ |
| Signature: Nazir Islah-o-Irshad<br>دستخط ناظر اصلاح و ارشاد | Date &Official Stamp تاریخ |

- اس حصّے کو چھوڑ دیا جائے۔

## ix- جب نکاح ہو جائے تو اس کے اعلان سے متعلق حصّہ



IX. TO BE COMPLETED AT THE TIME OF THE ANNOUNCEMENT OF NIKAH یہ حصہ اعلان نکاح کے موقعہ پر پُر کیا جائے

| | | |
|---|---|---|
| Place of NIKAH ceremony مقام نکاح | | |
| Date of NIKAH ceremony تاریخ نکاح | | |
| Person performing NIKAH نکاح خواں | Name نام | S/o ولد : |
| Address پتہ: | | |

*It is hereby also certified that Wali/wali's representative and Bridegroom/ Bridegroom's representative were present in Nikah ceremony and have given their consent.*
تصدیق کی جاتی ہے کہ لڑکی کا ولی/ولی کا وکیل اور لڑکا/لڑکے کا وکیل نکاح کے موقعہ پر موجود تھے اور خود ایجاب و قبول کیا۔

| | |
|---|---|
| Signature: Person performing NIKAH<br>دستخط نکاح خواں | Date تاریخ |

WITNESSES OF NIKAH CEREMONY: گواہان نکاح

| | | |
|---|---|---|
| WITNESS I گواہ ۱ Name نام: | S/o ولد: | AIMS ID: |
| Address پتہ: | | |
| Signature دستخط | Date تاریخ | |
| WITNESS II گواہ ۲ Name نام: | S/o ولد: | AIMS ID: |
| Address پتہ: | | |
| Signature دستخط | Date تاریخ | |

4-4

- اس حصہ کو اعلان نکاح کے بعد نکاح خواں پر کرے گا جس میں مقام نکاح اور تاریخ نکاح اور نکاح خواں کا نام بمعہ ولدیت، ایڈریس، دستخط بمعہ تاریخ درج کریں۔
- دو مردوں کی گواہی جو نکاح کی تقریب میں شامل تھے سے گزارش کی جاتی ہے کہ نکاح کی تقریب مکمل ہونے کے بعد تاریخ سمیت دستخط کریں۔